NYC™

# Department for the Aging





## رابطہ رکھیں۔
## متحرک رہیں۔
## صحت مند رہیں۔



ہم سے رابطہ کریں

212-AGING-NYC

# مشن اور مقصد

نیو یارک سٹی ڈپارٹمنٹ فار دی ایجنگ (ڈی ایف ٹی اے) عمر رسیدگی کی تفریق کو مٹانے اور متنوع عمر رسیدہ افراد کے وقار اور معیار زندگی کو یقینی بنانے نیز ان کی نگہداشت کنندگان کی خدمات، وکالت اور آگاہی کے ذریعے مدد کے لئے کام کرتا ہے۔

ڈی ایف ٹی اے بزرگوں کے مراکز، قدرتی طور پر سبکدوشی کی کمیونٹیز، کیس مینجمنٹ اور گھریلو نگہداشت کی ایجنسیوں، گھر پر کھانا فراہم کرنے کے پروگراموں، نگہداشت کنندگان کی معاونت کے پروگرام، دماغی صحت کے پروگرام، ٹرانسپورٹیشن، اور ہر بہت کچھ کے ذریعہ خدمات فراہم کرنے کے لئے مقامی تنظیموں کے ساتھ شراکت کرتا ہے۔

ڈی ایف ٹی اے رضاکارانہ وسائل بھی مہیا کرتا ہے اور اس کے پاس سینئر ایمپلائمنٹ سروسز یونٹ، ایلڈر جسٹس یونٹ، گرانڈ پیرنٹ ریسورس سینٹر، فوسٹر گرانڈ پیرنٹ پروگرام، بل پیئر پروگرام، اور بہت کچھ ہے۔







## بزرگوں کے مراکز

نیو یارک شہر میں سینکڑوں بزرگوں کے مراکز ہیں اور ان کی مفت رکنیت 60 سال یا اس سے زائد عمر کے ہر فرد کے لئے دستیاب ہے۔ہر مرکز مختلف قسم کی سرگرمیاں پیش کرتا ہے جن میں عام طور پر یہ سرگرمیاں شامل ہوتی ہیں:

- فن، موسیقی، رقص اور تندرستی کی کلاسز، اور گشتی کلب
- جوڑوں کے درد، ذیابیطس، بلند فشار خون، اور بہت کچھ کا نظم کرنے کی کلاسز
- تغذیاتی اور تعلیمی ورکشاپ
- میڈیکیئر، میڈیکیڈ، سپلیمینٹل نیوٹریشن اسسٹینس پروگرام، اور رینٹ فریز کے لئے اسکریننگ
- کھانا اور چھٹیوں کی تقریبات
- ٹیکنالوجی کی کلاسز

## گھر پر معاونت

اگر آپ کو اپنے گھر سے باہر نکلنے یا روزمرہ کے کاموں کو سنبھالنے میں دشواری ہوتی ہے، تو صرف ایک فون کال کرنے پر مدد حاصل ہو سکتی ہے۔کیس مینجمنٹ کے توسط سے آنے والے ایک تربیت یافتہ ماہر آپ کو گھر میں بحفاظت رہنے میں مدد کرنے کے لئے خدمات کا تعین کرے گا۔ان میں درج ذیل خدمات شامل ہوسکتی ہیں:

- گھر پر فراہم ہونے والا کھانا اور/یا گھریلو نگہداشت
- گھر پر مشاورت اور کمیونٹی کے وسائل کی رسائی
- دوستانہ ملاقاتیں
- بل ادا کرنے کے کاموں کو سنبھالنے میں مدد

## دماغی صحت کی خدمات

ڈی ایف ٹی اے کا جیریاٹرک مینٹل ہیلتھ پروگرام، میئر آفس آف کمیونٹی مینٹل ہیلتھ کے اشتراک سے چلنے والی ایک پہل ہے، جو دماغی صحت کے معالجین کو بزرگوں کے مراکز میں تعینات کرتا ہے۔یہ معالجین بے چینی یا افسردگی کا باعث بن سکنے والے زندگی کے مشکل حالات میں مبتلا عمر رسیدہ افراد کی مدد کرتے ہیں، اور ذاتی مشاورت اور ریفرل کی خدمات فراہم کرتے ہیں۔

## نگہداشت کنندہ کی معاونت

کسی کی نگہداشت کرنا طبعی کشیدگی کا باعث بن سکتا ہے۔اس بات کو تسلیم کرنا کہ آپ نگہداشت کنندہ ہیں، مدد پانے کا پہلا قدم ہے۔نگہداشت کنندگان کی معاونت کے پروگرام کے ذریعے، سماجی کارکنان معلومات، ریفرل کی خدمات، استراحتی نگہداشت، طویل مدتی نگہداشت کے اختیارات پر مشاورت، اور بہت کچھ پیش کرتے ہیں۔ اگر آپ الزائمر کی بیماری یا دیگر ڈیمینشیا، یا کوئی دائمی بیماری میں مبتلا 60 سال یا اس سے زائد عمر کے کسی شخص کی دیکھ بھال کر رہے ہیں تو آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں۔اگر آپ کی عمر 55 سال یا اس سے زیادہ ہے اور آپ کسی رشتہ دار کے بچے یا کسی بالغ معذور شخص کی دیکھ بھال کر رہے ہیں تو آپ بھی مدد بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

### رابطے میں رہیں

**nyc.gov/aging**

پر آن لائن یا سوشل میڈیا میں

**@nycseniors**

پر ڈپارٹمنٹ فار دی ایجنگ سے رجوع کریں

خدمات سے متعلق مزید معلومات کے لئے **212-AGING-NYC** یا **311** پر کال کریں۔

## دوستانہ پروگرام



میئر آفس آف کمیونٹی مینٹل ہیلتھ کی شراکت سے، فرینڈلی وزٹنگ اور فرینڈلی وائسز کے پروگرام سے عمر رسیدہ افراد کو نئے دوست بنانے اور نئے سماجی روابط استوار کرنے کا موقع فراہم ہوتا ہے، جس کے نتیجے میں ان کی تنہائی اور علاحدگی کے احساسات کم ہوتے ہیں۔دونوں پروگرام ہفتہ واری بنیاد پر رابطہ قائم کرنے کے واسطے عمر رسیدہ افراد کو ایک چنندہ اور تربیت یافتہ رضاکار، ایک ساتھی یا ایک گروپ کے ساتھ سے ملاتے ہیں۔

فرینڈلی وزیٹنگ کا پروگرام گھر پر قیام کرنے والے عمر رسیدہ افراد کو گھر پر زیارتوں کے لئے رضاکاروں کے ساتھ یا فون کال کے لئے کسی ساتھی یا گروپ کے ساتھ ملاتا ہے۔فرینڈلی وائسز کا پروگرام بذریعہ فون اور ویڈیو کال رابطے قائم کرکے غیر گھریلو بزرگوں کی خدمت کرتا ہے۔

## ہیلتھ انشورینس انفارمیشن، کاؤنسلنگ، اینڈ اسسٹینس پروگرام (HIICAP)



کیا آپ کو میڈیکیئر کے بارے میں سوالات پوچھنے ہیں؟میڈیکیئر کے حصے اے، بی، سی، اور ڈی کے بارے میں قابل اعتماد معلومات کے لئے HIICAP نیو یارک سٹی کا وسیلہ ہے۔ تربیت یافتہ کاؤنسلر میڈیکیئر سپلیمنٹل انشورینس (میڈی گیپ)، میڈیکیئر ایڈوانٹیج میں اور اخراجات کا احاطہ کرنے کے واسطے ایکسٹرا ہیلپ پروگرام کے لئے درخواست دینے میں بھی مدد کرتے ہیں۔

## نیو یارک سٹی میں این وائی کنیکٹس کی سہولت



این وائی کنیکٹس ایک ریاست گیر سروس ہے جو ہر عمر کے لوگوں کو طویل مدتی ضرورتوں کے مطابق درست معاونت پانے میں مدد کرتی ہے۔کمیونٹی کے رفقاء عمر رسیدہ افراد اور طویل مدتی معذوی میں متبلا بالغ افراد، ان کے نگہداشت کنندگان اور معذور بچوں کے والدین کو معلومات اور ریفرل کی خدمات فراہم کرتے ہیں۔



## ٹرانسپورٹیشن

طبی یا سماجی خدمات کی ملاقاتوں میں جانے کے واسطے پبلک ٹرانسپورٹ کی رسائی نہ رکھنے والے عمر رسیدہ افراد کے لئے کمیونٹی پر مبنی ٹرانسپورٹ کی خدمات دستیاب ہیں۔

## قدرتی طور پر سبکدوشی کی کمیونٹیز (NORCS)



NORC ایک مختلف عمر کی رہائشی ڈویلپمنٹ یا نواحی علاقہ ہوتاہے جو ابتدائی طور پر عمر رسیدہ اشخاص کے لئے نہیں بنایا گیا ہوتا ہے، لیکن اب وہ ان میں سے ایک بڑی تعداد کا مسکن بن چکا ہے۔معاونتی خدمات اور پروگرام درجنوں NORC میں دستیاب ہیں، جو اپنے باشندوں کو صحت و تندرستی کی سرگرمیاں مہیا کرتی ہیں، اور فوائد و استحقاقات اور بہت کچھ میں مدد کرتی ہیں۔

## سینئر ایمپلائمنٹ سروسز




سینئر ایمپلائمنٹ سروسز یونٹ ڈیٹا پروسیسنگ، کسٹمر سروس، سکیورٹی، سیلز، ایڈمنسٹریشن، ہوم ہیلتھ کیئر، اور بہت کچھ میں آج کے کاموں کے لئے 55 سال اور اس سے زائد عمر کے بے روزگار، کم آمدنی والے بالغ افراد کو تیار کرتی ہے۔

یہ شرکاء کمپیوٹر کی کلاس، ملازمت کی تلاش، مختصر سیرت نامہ لکھنے اور انٹرویو کی کلاسوں میں شامل ہوتے ہیں۔ملازمت کے متلاشیوں کو ملازمت پر مبنی تربیت بھی ملتی ہے اور کم از کم اجرت کمانے کا موقع بھی ملتا ہے۔

## ایلڈر جسٹس



ایلڈر جسٹس یونٹ نیو یارک کے بزرگ باشندوں کو جرائم اور استحصال سے تحفظ فراہم کرنے کے لئے کام کرتی ہے۔ان متاثرین کو مشاورت اور مدد فراہم کے واسطے بزرگوں کے استحصال سے متعلق پروگرام ہر حلقہ میں دستیاب ہے جو کسی قابل اعتماد شخص کی جانب سے جسمانی، جذباتی یا مالی استحصال کا شکار ہوئے ہیں۔

بل پیئر پروگرام سے عمر رسیدہ افراد کو اپنے بل، بجٹ کو منظم کرنے میں معاونت کے ذریعہ مالی استحصال سے بچنے میں مدد ملتی ہے اور اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے وقت پر تمام بل ادا کئے جائیں۔

## گرانڈ پیرینٹ ریسورس سینٹر



اگر آپ اپنے نواسے/پوتے یا کسی دوسرے نوعمر رشتہ دار کی بنیادی نگہداشت کی ذمہ داریوں والے بوڑھے شخص ہیں، تو گرانڈ پیرینٹ ریسورس سنٹر آپ کو قرابت داری کی نگہداشت کنندہ کے طور پر اپنے کردار کو ایڈجسٹ کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔

گرانڈ پیرینٹ ریسورس سینٹر کی خدمات میں قانونی مشورے، بجٹ کے حساب کتاب اور دیگر موضوعات پر ورکشاپ شامل ہیں۔ریفرل کی خدمات، ہم رتبہ گروپ سیشن، اور دیگر خدمات بھی دستیاب ہیں۔

## فوسٹر گرانڈ پیرینٹ پروگرام



فوسٹر گرانڈ پیرینٹ پروگرام کم آمدنی والے بزرگوں کو کمیونٹی کے نظاموں میں تعینات کرتا ہے، جہاں وہ نوزائیدہ بچوں اور خاص ضروریات والے بچوں کی سرپرستی اور دیکھ بھال کرتے ہیں۔انہیں چھوٹا سامشاہرہ دیا جاتا ہے۔

## قانونی معاونت

قانونی معاونت دیگر سرکاری یا نجی قانونی امداد کی رسائی نہیں رکھنے والے عمر رسیدہ افراد کے لئے دستیاب ہے۔خدمت فراہم کنندگان ان مسائل میں مدد کرتے ہیں جن میں عوامی فوائد، طویل مدتی نگہداشت، صارفین اور مکان مالک-کرایہ دار کے معاملے شامل ہوتے ہیں۔

اسائنڈ کاؤنسل پروجیکٹ میں ان عمر رسیدہ افراد کو مدد کی جاتی ہے جو بے دخل ہونے کے خطرے کی زد میں پڑنے والے ہوتے ہیں۔اگر آپ کو یقین ہو کہ آپ اس کے اہل ہیں تو اپنے کیس کے انچارج جج سے دریافت کریں یا اپنی سماعت کے وقت عدالت کے ہیلپ سینٹر پر جائیں۔

## DFTA کے ماسوا وسائل

ACCESS NYC مالیاتی پروگرام اور رہائش، خوراک وغیرہ سے متعلق فوائد کے لئے شہر کی آن لائن اسکریننگ ٹول ہے: access.nyc.gov.

## رضاکارانہ مواقع

اگر آپ نیو یارک کے کسی باشندے کی زندگی میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں یا آپ ایسے عمر ریسدہ شخص ہیں جو خدمت کا بدلہ چکانا چاہتے ہیں، تو DFTA کے ساتھ رضاکارانہ طور پر کام کریں۔رضاکاران کمیونٹی، فرینڈلی پروگرام، فوسٹر گرانڈ پیرینٹ پروگرام، اور بہت کچھ میں مدد کرتے ہیں۔

## ہم سے رابطہ کریں

بہت ساری خدمات مفت ہیں یا کم قیمت پر دستیاب ہیں ، اور زبان کی مدد دستیاب ہے۔ایجنگ کنیکٹ اپنے وسائل، خدمات اور رضاکارانہ کام کے مواقع کے لئے ہمارا رابطے کا مرکز ہے۔

کسی ایجنگ اسپیشلسٹ سے بات کرنے کے لئے **212-AGING-NYC (212-244-6469)** پر کال کریں۔

DFTA کی خدمات یا عمر رسیدہ افراد کے لئے ہنگامی تیاریوں سے متعلق پریزنٹیشن کی درخواست کرنے کے لئے، درج ذیل ویب سائٹ پر ہم سے ملیں: **www.nyc.gov/aging/presentation**.

**رابطہ رکھیں۔**

**متحرک رہیں۔**

**صحت مند رہیں۔**

**Department for the Aging**